## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن سہیل سمیع کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔21، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن سہیل سمیع کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سہیل سمیع شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

## ملیر میں مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے کارکن سہیل سمیع کو شہید کردیا

## چندروز قبل لانڈھی میں بھی ایم کیوایم کے کارکن محمد عظیم کو فائرنگ کرکے شہید کیا جاچکا ہے

کراچی۔۔۔21، جولائی 2008ء

مسلح دہشت گردوں نے متحدہ قومی موومنٹ ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے جواں سال کارکن سہیل سمیع کو فائرنگ کرکے شہید کردیا۔(انا اللہ وانا الیہ راجعون )۔تفصیلات کے مطابق سہیل سمیع صبح 9 بجے کے قریب اپنی رہائشگاہ سے روانہ ہوئے تھے اور پاک کوثر ٹاؤن گیلانی آباد میں مردہ پائے گئے۔شہید کے جسم پر گولیوں کے نشانات پائے گئے۔خدشہ ہے کہ مسلح دہشت گردوں نے سہیل سمیع کو اغواء کرنے کے بعد فائرنگ کرکے شہید کردیا ہے۔شہید کی عمر 25 سال تھی اور وہ ملیر کے علاقے میں رہائش پذیر تھے۔شہید کے سوگواران میں والدہ،3 بھائی اور 3 بہنیں شامل ہیں۔ءسہیل سمیع کی شہادت کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری،حق پرست رکن سندھ اسمبلی وسیم احمد ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان جناح اسپتال پہنچ گئے۔اس موقع پر انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے،شہید کے عزیز واقارب اور کارکنان شدت غم سے نڈھال تھے جنہیں ایم کیوایم کے ذمہ داران دلاسہ دے رہے تھے اور صبر کی تلقین کررہے تھے۔واضح رہے کہ چندروز قبل لانڈھی میں بھی ایم کیوایم کے کارکن محمد عظیم کو فائرنگ کرکے شہید کیا جاچکا ہے۔

## سہیل سمیع شہید کا بہیمانہ قتل شہر کا امن غارت کرنے کی سازش کا حصہ ہے،رابطہ کمیٹی

## سہیل سمیع کے قاتلوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے

کراچی۔۔۔21، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن سہیل سمیع کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلح دہشت گرد پرتشدد اور اشتعال انگیز کارروائیاں کرکے شہر کا امن غارت کرنے کی سازش کررہے ہیں۔ایک بیان رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ دنوں لانڈھی کے علاقے میں مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن محمد عظیم کو فائرنگ کرکے شہید کردیا تھا اور اب سہیل سمیع کے بہیمانہ قتل اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قتل وغارتگری اور دہشت گردی کے ذریعہ ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان کے حوصلہ پست نہیں کئے جاسکتے اور نہ ہی انہیں حق پرستی کی جدوجہد سے باز رکھا جاسکتا ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن سہیل سمیع کے بہیمانہ قتل کا فوری نوٹس لیا جائے اور قاتلوں کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق عبرتناک سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی اشتعال انگیز کارروائی پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہ کر شہر کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے سہیل سمیع شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔( آمین )

## کراچی کوطالبانائزیشن سے بچانے کیلئے ہرفرد کو کردار ادا کرنا ہوگا، ڈاکٹر فاروق ستار
## ایم کیوایم مذہبی انتہاء پسندی اور مذہبی جنونیت کے خلاف ہے، بابر خان غوری
## گلشن اقبال ٹاؤن کے معززین کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔21، جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ سندھ کے دارالخلافہ کراچی کوطالبانائزیشن سے بچانے کیلئے زندگی کے ہرشعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو اپنا بھرپور کردار کرنا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے اتوار کی شام گلشن اقبال ٹاؤن سے تعلق رکھنے والے تاجروں ،صنعتکاروں، ڈاکٹروں ، پروفیسرز، وکلاء ،صحافیوں،انجینئرز، ڈاکٹروں ،کھلاڑیوں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے معززین کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر کرسچن ، بوہرہ کمیونیٹی ،آغاخان برادری کے نمائندوں کے علاوہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، عادل صدیقی اور حق پرست عوامی نمائندے بھی موجود تھے۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایک منظّم منصوبہ بندی کے تحت قبائلی علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو سندھ بالخصوص کراچی میں لاکر زمینوں پر قبضہ کرائے جارہے ہیں اور شہر میں طالبانائزیشن کی سازش کو عملی جامہ پہنایا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم صوفیوں کی دھرتی سندھ میں امن ومحبت اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے اپنا ہرممکن کردار ادا کررہی ہے تاہم سندھ اوراس کے دارالخلافہ کراچی کوطالبانائزیشن سے بچانے کیلئے زندگی کے ہرشعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے اور پاکستان کی تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد ایم کیوایم کے پلیٹ فارم سے اپنے حقوق کی جدوجہد کررہے ہیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے اجتماع کے شرکاء پرزور دیا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں مشکوک سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں اور شہر میں امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے امن کمیٹیاں تشکیل دیں۔قبل ازیں رابطہ کمیٹی کے رکن سینیٹر بابر غوری نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اگر سندھ کے عوام کی جان ومال پر بری نظر ڈالی گئی تو سندھ کے عوام اپنے دفاع کا حق رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم صرف مذہبی انتہاء پسندوں اور مذہبی جنونیوں کے خلاف ہے جو دہشت گردی کے ذریعہ دنیا بھر میں اسلام کی امیج خراب کررہے ہیں جبکہ کراچی میں برسوں سے آباد پختون ہمارے بھائی ہیں اوران کی بڑی تعداد ایم کیوایم میں شامل ہے۔

## حق پرست عوام عبدالمالک شر کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔21، جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سانگھڑ کی زونل کمیٹی کے رکن عبدالمالک شر کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ عبدالمالک شر کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔واضح رہے کہ عبدالمالک ان دنوں شدید علیل ہیں اور سانگھڑ کے مقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔

## عوام رئیس کمال کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔21، جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے روزنامہ جنگ حیدرآباد کے نمائندے رئیس کمال کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ رئیس کمال کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔21، جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سکرنڈ زون کے کارکن ندیم اختر کے والد محمد مبین اور ایم کیوایم ٹنڈ والہیار زون یونٹ 16A کے سابق انچارج محمد عمران قائمی کے والد محمد یوسف خان کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارلواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆